سوال

(608) مرنے والے کا خواب میں آنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مرنے والے کا دنیا والوں کے ساتھ رابطہ ختم ہوجاتا ہے کیا اس کا خواب میں آنا اور خواب میں اسے اچھے یا برے حال میں دیکھنا حقیقتاً کوئی اہمیت رکھتا ہے ؟ بعض اوقات مردہ زندہ لوگوں کے بارے میں خواب میں خیالات کا اظہار بھی کرتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

موت کے باوجود مردہ اور زندہ کا رابطہ خوابوں کی صورت میں قائم رہتا ہے جس طرح کہ صحیح احادیث سے ثابت ہے اسے اچھی اور بری حالت میں دیکھنا کافی اہمیت رکھتا ہے مردے کا زندہ کے بارے میں خیالات کا اظہار کرنا بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔جملہ تفاصیل کے لیے ملاحظہ ہو۔

«تعطیر الانام فی تعبیر المنام مولفہ شیخ عبدالغنی نابلسی اور منتخب فی تفسیر الاحلام امام ابن سیرین اور الاشارات فی علم العبارات للشیخ خلیل بن شاہین ظاہرین»

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص882

محدث فتویٰ